❀❀❀

شعر و ادب

امّ ابیھا

ڈاکٹر عباس رضا نیّر جلالپوری

مریمؑ ہیں ، ہاجرہ ہیں نہ سارہؑ ہیں فاطمہؑ
قد آئینوں کے پشت ہیں بالا ہیں فاطمہؑ

قدرت نے جو دیا ہے وہ تحفہ ہیں فاطمہؑ
معراج مصطفیٰ کا نتیجہ ہیں فاطمہؑ

خیبر شکن کے واسطے پیسی ہیں چکیاں
مشکل کشا علیؑ کا سہرا ہیں فاطمہؑ

پرچھائیں بھی نہ دیکھی کبھی دن کی دھوپ نے
نکلا نہ جو ردا سے وہ چہرہ ہیں فاطمہؑ

حیدرؑ ہیں وہ نماز شجاعت نے جو پڑھی
عصمت نے جو کیا ہے وہ سجدہ ہیں فاطمہؑ

مانا کہ انبیا سے سواپائے ہیں لقب
پھر بھی ہر اک لقب سے زیادہ ہیں فاطمہؑ

گودی میں لیکے فخر سے جھومیں نہ کیوں رسولؐ
کل زندگی کی ایک تمنا ہیں فاطمہؑ

لہجہ وہی مزاج وہی گفتگو وہی
قرآن علیؑ ہیں نہج بلاغہ ہیں فاطمہؑ